# 11-05-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ہندوستان اور پاکستان کے ڈائرکٹرس جنرل ملٹری آپریشنس کی کل بات چیت ہوگی جن میں جنگ بندی کی تازہ صورتحال کا جائزہ لیا جائیگا۔

۲۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ آپریشن سندور دہشت گردی کے خلاف ہندوستان کے مضبوط ارادوں کا اظہار ہے۔

۳۔ ایک نئی پہل میں تلنگانہ ایپ سیٹ کے نتیجے اس سال طالب علموں کے رجسٹرڈ موبائل فونس پر بھیجے گئے۔

۴۔ حیدرآباد میٹرو ریل نے ایک نئی پہچان بنائی ہے۔ جس کے بارے میں ہارورڈ یونیورسٹی نے ایک مطالعاتی جائزہ شائع کیا ہے۔

PRABAKAR-BC

تلنگانہ بی سی ویلفیر اور ٹرانسپورٹ کے وزیر پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ ریاست میں کامیابی کے ساتھ شفاف بی سی کاسٹ سروے کرتے ہوئے اور سیاسی اور تعلیمی شعبوں میں بی سی تحفظات کو بڑھا کر 42 فیصد کرنے کے لئے ایک تاریخی بل پاس کرتے ہوئے پورے ملک کیلئے ایک مثال قائم کی ہے۔ وزیر نے تلنگانہ بی جے پی قائدین سے کہا کہ وہ قومی سطح پر اس کی منظوری کو یقینی بنانے کی ذمہ داری قبول کریں۔ بی جے پی لیڈر لکشمن کی طرف سے کانگریس پارٹی کے بی سی طبقات سے متعلق اقدامات پر ریمارکس پر تنقید کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ اگر لکشمن کو کچھ شبہات ہے تو ہم صفائی دینے کیلئے تیار ہیں۔ ہم نے مشہور بی سی تنظیموں اور دانشوروں کو ہمارے طریقہ کار کے بارے میں وضاحت کی ہے اور سب نے ہمارے کام کی تعریف کی ہے۔ 42 فیصد تحفظات کو ملک کیلئے ایک مثال قرار دیتے ہوئے پربھاکر نے مرکزی حکومت سے کہا کہ وہ تلنگانہ کے نقش قدم پر چلیں اور اعلان کے مطابق قومی کاسٹ سنسس کرائے۔ انہوں نے یہ بھی مطالبہ کیا کہ بی جے پی ذات پات کی رائے شماری کی مخالفت کرتے ہوئے سپریم کورٹ میں ماضی میں داخل حلف نامہ واپس لے۔

RESULTS:

تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے آج تلنگانہ انجینئرنگ ، اگریکلچر اینڈ فارمیسی ، کامن انٹرنس ٹسٹ( TG EAPCE-2025 ) کے نتیجے جاری کئے۔ امیدوار سرکاری ویب سائٹ eapcet.tsche.ac.in پر اپنے نتیجے دیکھ سکتے ہیں۔ اس سال ایک نیا قدم اٹھاتے ہوئے نتیجے طالب علموں کے رجسٹرڈ موبائل فونس پر بھی بھیجے گئے۔ عہدیداروں نے اعلان کیا کہ ویب سائٹ پر امیدواروں کے رینکس اور نشانات کی تفصیلی فہرست جاری کی گئی ہے۔ تمام مضامین کیلئے شروعاتی جوابی key پہلے ہی جاری کی گئی تھی اور قطعی نتیجوں سے پہلے اعتراضات طلب کئے گئے تھے۔

PM - MEET:

وزیراعظم نریندر مودی نے آج نئی دہلی میں اپنی رہائش گاہ پر اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کی۔ ہندوستان اور پاکستان کے ڈائرکٹرس جنرل آف ملٹری آپریشن کی بات چیت کے بعد کل دونوں ملکوں کے درمیان جنگ بندی کے پس منظر میں یہ میٹنگ ہوئی۔ دونوں ملکوں کے ڈی جی ایم او زکل پھر بات کرنے والے ہیں۔

IAF - OP SINDOOR:

ہندوستانی فضائیہ نے کہا ہے کہ اس نے کامیابی کے ساتھ آپریشن سندور کے مقصد حاصل کئے۔ سوشیل میڈیا پر ایک پوسٹ میں فضائیہ نے کہا کہ آپریشن قومی مقصدوں کے مطابق سوچ سمجھ کر پیشہ وارانہ انداز میں کئے گئے۔ ایرفورس نے کہا کہ آپریشنس اب بھی جاری ہے۔ اسی لئے آنے والے وقت تفصیلی بریفنگ دی جائے گی۔ فضائیہ نے تمام لوگوں سے کہا کہ وہ قیاس آرائیوں سے بچیں اور غیر تصدیق شدہ اطلاعات نا پھیلائیں۔

RAJNATH:

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ آپریشن سندور محض ایک فوجی کارروائی نہیں بلکہ ہندوستان کے سیاسی، سماجی اور فوجی عزم کی علامت ہے۔ آج دوپہر لکھنؤ میں برہموس ایرواسپیس اینٹی گریشن اینڈ ٹیسٹنگ فیسلیٹی کا ورچول افتتاح کرتے ہوئے راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ یہ آپریشن دہشت گردی کے خلاف ہندوستان کے مضبوط ارادے اور فوجی طاقت کے عزم کا اظہار ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب کبھی ہندوستان دہشت گردی کے خلاف کارروائی کرتا ہے، دہشت گردوں اور ان کے سرپرستوں کیلئے سرحد پار کی زمین بھی محفوظ نہیں ہوتی۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستانی فوجوں نے پاکستان میں دہشت گردی کے انفرااسٹرکچر کو تباہ کرنے کے مقصد سے آپریشن سندور کیا اور کبھی بھی شہریوں کو نشانہ نہیں بنایا لیکن پاکستان نے نہ صرف ہندوستان کے شہری علاقوں کو نشانہ بنایا بلکہ مندروں، گردواروں اور گرجا گھروں پر حملوں کی بھی کوشش کی۔

SOUND BYTE

TELANGANA BHAVAN

موجودہ صورتحال کے درمیان تلنگانہ سے تعلق رکھنے والے کئی طالب علم اور شہری مدد کیلئے نئی دہلی میں واقع تلنگانہ بھون پہنچ رہے ہیں۔ اب تک تلنگانہ کے 86 رہائشی تلنگانہ بھون پہنچے، جن میں سے 26 کو ٹرانسپورٹ کی ضروری سہولتیں پہنچائی گئیں اور انہیں ان کے گاؤں بھیجا گیا۔ آج مزید 100 سے زیادہ لوگوں کے پہنچنے کا اندازہ کرتے ہوئے عہدیداروں نے پہلے سے ہی تمام ضروری انتظامات کئے ہیں۔ ریسیڈنٹ کمشنر ڈاکٹر گورو اُپل نے شخصی طور پر تلنگانہ بھون میں تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کھانے، پینے، رہنے، علاج اور ٹرانسپورٹ کے انتظامات کا معائنہ کیا اور پرسکون تال میل کو یقینی بنانے کیلئے اسٹاف کو مناسب ہدایتیں دیں۔

HMRL:

حیدرآباد میٹرو ریل میں ایک نئی پہچان بنائی ہے کیونکہ ہارورڈ یونیورسٹی نے اس کے بارے میں ایک مطالعاتی جائزہ شائع کیا ہے۔ ہارورڈ یونیورسٹی کی تحقیق نے حیدرآباد میٹرو ریل کو دنیا کے بڑے پبلک پرائیوٹ پارٹنرشپ میٹرو ریل پراجکٹس میں سے ایک قرار دیا ہے۔ اس تحقیق میں ایچ ایم آر ایل کے منیجنگ ڈائرکٹر این وی ایس ریڈی کی قیادت اور صلاحیتوں کو نمایاں کیا گیا ہے اور انہیں پراجکٹ کی اصل طاقت قرار دیا گیا اور بتایا گیا کہ کس طرح انہوں نے کئی رکاوٹوں کو پار کیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ حیدرآباد میٹرو کو ہندوستان کا ایک بہترین میٹرو سسٹم بنانے کے لئے جرأتمندانہ فیصلہ اور انتظامی اہلیت کو نمایاں کیا گیا ہے۔ حیدرآباد میٹرو ریل پراجکٹ پر عمل آوری کے اَپروچ کو انوکھا قرار دیا گیا۔ ہارورڈ کی تحقیق میں کہا گیا کہ اس پراجکٹ نے پائیدار اثرات چھوڑے ہیں، جس کی وجہ اس کی منصوبہ بندی کے انوکھے طریقے، جدید تکنالوجی، مالیاتی حکمتِ عملی اور مسائل حل کرنے والی قیادت ہے۔

MMR:

مرکزی وزارتِ داخلہ کی تازہ سیمپل رجسٹریشن سسٹم ڈیٹا کے مطابق تلنگانہ میں 2019ء سے 2021ء تک زچگی کے وقت ماؤں کی اموات میں معمولی اضافہ ہوا ہے۔ رپورٹ کے مطابق 19-2018ء میں یہ تناسب ایک لاکھ میں 43 سے بڑھ کر 21-2019ء میں 45 ہوگیا ہے۔ اس معمولی اضافہ کے باوجود تلنگانہ میں دوسری ریاستوں کی بہ نسبت یہ تناسب کم ہے۔ 45 کا یہ تناسب آندھراپردیش کے 46 سے کم ہے۔

WEATHER:

محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ اگلے چار دن تلنگانہ میں بعض بعض مقامات پر 40 سے 60 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوائیں چلیں گی اور گرج چمک کے ساتھ بونداباندی ہوگی۔ اس دوران محکمہ موسمیات نے کہا کہ جنوب مغربی مانسون اِس مہینہ کی 27 تاریخ تک کیرالا میں سرگرم ہوگا۔

FEE:

ایک کابینی ذیلی کمیٹی کا ایک اجلاس ہوگا جس میں خانگی اسکولوں میں فیس باقاعدہ بنانے اور قانون حق تعلیم کے تحت خانگی اسکولوں میں کمزور طبقات کے بچوں کیلئے 25 فیصد سیٹیں مختص کرنے کے بارے میں غور کیا جائے گا۔ جولائی 2024ء میں حکومت نے یہ ذیلی کمیٹی بنائی تھی جس کے صدرنشین آئی ٹی کے وزیر ڈی سریدھر بابو اور وزراٗ سیتا اکا اور پونم پربھاکر رکن ہیں۔ کمیٹی کا پہلا اجلاس پچھلے سال ستمبر میں ہوا تھا اور دوسرا اجلاس کل سکریٹریٹ میں ہوگا۔ ریاست کے تعلیمی کمیشن نے خانگی

اسکولوں میں فیس کو باقاعدہ بنانے کے مسئلہ کا جائزہ لیا تھا اور 24 جنوری کو ایک رپورٹ پیش کی تھی، اسے تلنگانہ خانگی غیرامدادی ریگولیٹری و مانیٹرنگ کمیشن ڈرافٹ بل کا نام دیا گیا ہے۔ نیا تعلیمی سال قریب ہے اسی لئے امید ہے کہ اسے باقاعدہ بنانے کے بارے میں تفصیلی بحث ہوگی۔

FUNERAL

پاکستان کی فائرنگ میں شہید سپاہی مرلی نائک کی آخری رسومات آج آندھراپردیش کے سری ستیہ سائی ضلع کے منڈل گورنٹلا کے گاؤں کلی تانڈا میں مکمل سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کی گئی۔ آس پاس کے گاؤں سے ہزاروں لوگ بہادر سپاہی کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کیلئے جمع ہوئے۔ آندھراپردیش کے ڈپٹی چیف منسٹر پون کلیان، وزیر لوکیش اور دوسروں نے آخری رسومات میں شرکت کی۔ آندھراپردیش کی حکومت نے مرلی نائک کے خاندان کے لئے 50 لاکھ روپے نقد، پانچ ایکر زرعی زمین اور 300 مربع گز رہائشی پلاٹ دینے کا اعلان کیا۔ اس کے علاوہ پون کلیان نے شخصی طور پر 25 لاکھ روپے مالی مدد کا اعلان کیا۔

HARISH RAO

بی آر ایس لیڈر ہریش راؤ نے سرکاری تقریب کے بجائے جوبلی ہلز میں واقع اپنی رہائش گاہ سے تلنگانہ ایپ سیٹ کے نتیجہ جاری کرنے پر چیف منسٹر ریونت ریڈی پر تنقید کی ہے۔ انہوں نے اسے گھمنڈ کا مظاہرہ اور روایتی طریقوں کی توہین قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ آزاد ہندوستان کے 77 برسوں میں کسی بھی چیف منسٹر نے مسابقتی امتحان کے نتیجے اپنے گھر سے جاری نہیں کئے۔ یہ ایک نئی پستی ہے اور اس سے حکمرانی اور طالب علموں کے تئیں ریونت ریڈی کی ناقدری کا اظہار ہوتا ہے۔ انہوں نے سکریٹریٹ کے بجائے جوبلی ہلز کی رہائش گاہ اور انٹیگریٹیڈ کمانڈ کنٹرول سنٹر سے کام کرنے پر وزیراعلیٰ پر تنقید کی۔